© rasailojaraid.com



میں حیرت زدہ اور سراپا استفہام ہوگیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے میری حیرت واستعجاب اور ارادۂ استفسار سمجھتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

"یہ مسلمانوں کا امام اور تمہارے ملک کا باشندہ ابو حنیفہ ہے۔"

---

بقیہ حاشیہ از صفحہ گزشتہ

۵ اور مجوب ہے کہ رویائے صالحہ نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| من رآنی فی المنام فقد رآنی | جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا |
| فان الشیطان لا یتمثل بی | اس لئے کہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا۔ |

(بخاری ومسلم باب رویائے صالحہ)

لہذا ہمارے نقل کردہ خواب محض عقیدت نہیں بلکہ حدیث کے پیش نظر دہ عین شریعت ہیں۔ علامہ [illegible] لکھتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| فما قالہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ | حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب یا |
| وسلم فی نومہ ویقظتہ فھو حق | بیداری میں جو کچھ بھی فرمایا، وہی حق ہے۔ |

(اوشحۃ الجید)

از ص ۳۱

یہ بھی یاد رہے کہ روایت بالمعنی کا یہ اختلاف اکثر علماء کے یہاں نظر آتی ہے قرن اول میں بھی روایت بالمعنی اسی دائرہ میں ہوتی رہی ہے جسے مفر نہیں کہا جا سکتا اسلئے اس بحث کو از سر نو چھیڑنا فضول ہے جبکہ زمانہ بھی لد چکا ہے اور امت نے ان صحیح کتابوں کی صحت کے ساتھ ذکر کردہ حدیثوں کی صحت پر بھی اجماع کر لیا ہے تو پھر دلوں میں شکوک پیدا ہونے کی کوئی گنجائش بھی نہیں رہ جاتی جبکہ یہ حدیثیں انتہائی محفوظ طریقوں سے امت کے سب سے بہترین گروہ صحابہ اور تابعین کے ہاتھوں ہم تک پہنچی ہے تو کیا شک وشبہ کی ادنیٰ سی گنجائش بھی رہ جائے گی۔

---



© rasailojaraid.com

